07/06/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شیخ محمد یاسین سے خبریں سُنیے۔

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*.....پورے بر صغیر کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں عید الاضحی کی تقریب سعید // ملک کی اعلیٰ قیادت کی مبارکباد ۔

*.....بھارت مینانتہائی درجے کی غربت کو ختم کرنے میں نمایاں پیش رفت حاصل // NDA کے گیارہ برس کے دور اقتدار کاثمرہ ۔

*.....NAACمیں A++ رینکنگ گورنر کوالیفٹنٹ یونیورسٹی اور کشمیر یونیورسٹی جموں پر حاصل کرنے کا گریڈ اور وزیر اعلیٰ کی مبارکباد ۔

اور

*.....فوڈ سیفٹی کا عالمی دن آج ۔

عید

بر صغیر میں آج عید الاضحی کی تقریب سعید نہایت ہی عقیدت و احترام اور مذہبی تزک و احتشام کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں جموں کشمیرکی مساجد، خانقاہوں ، عید گاہوں اور اما م بارگاہوں میں عید نماز کے روح پرور اجتماعات منعقد ہو ئے۔

فرزندان توحید صبح سویرے عید گاہوں کی طرف تکبیرات کا ورد کرتے ہوئے رواں دواں ہوئے۔

وادی میں نماز عیدکا سب سے بڑا اجتماع آثار شریف دگارہ حضرت بل میں منعقد ہوا جہاں ہزاروں کی تعداد میں فرزندان توحید نے اللہ کے حضور سربسجود ہو کر دعائیں مانگیں۔

اس طرح کے اجتماعات جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں منعقد ہوئے جہاں ائمہ حضرات نے فلسفہ عیدا لاضحی اور فلسفہ قربانی پر واعظ فرمایا۔

نماز عید سے فراغت کے بعد مسلمانوں نے آپس میں بغلگیر ہو کر ایک دوسرے کوعید کی مبارکباد پیش کی، جس کے بعد وہ اپنے گھروں کو نکلے اور سنت ابراہیمی ؑ کی پیروی کرتے ہوئے جانوروں کی قربانی دیتے رہے۔

ادھر انتظامیہ کی طرف سے عقیدت مندوں کی سہولت کیلئے تمام لازمی انتظامات کئے گئے تھے ۔اہم عید گاہوں ، درگاہوں اور خانقاہوں میں عقیدت مندوں کی سہولت کیلئے ٹرانسپورٹ ، بجلی اور پانی نیز طبی نگہداشت کی سہولیات میسر رکھی گئی تھیں۔

غور طلب ہے کہ عید کی خوشیوں بچے سب سے زیادہ جھوم اٹھتے ہیں جنہیں اپنے بڑوں سے عیدی کا بے صبری سے انتظار رہتا ہے۔آج دن بھر پارکوں اور آس پاس کے علاقوں میں بچوں کی رونق دیکھنے لائق تھی ۔

مبارکباد

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو ، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے عیدا لاضحی کے موقعے پر عوام کو د لی مبارکباد دی ہے ۔

ادھر لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے عید الاضحی کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے ۔مبارکبادی کے اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ عید الاضحی ایثار و قربانی کے جذبے کی علامت ہے ۔

اس دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج درگاہ حضرت بل میں نماز عید ادا کی ۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا کہ انہوں نے جموں کشمیر میں قیام امن اور ترقی و خوشحالی کیلئے دعا کی ۔

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ، کابینی وزرائ جاوید احمد ڈار، سکینہ ایتو، جاوید احمد رانا اور ستیش شرما نے بھی عوام کو عید الاضحی کے موقعے پر مبارکباد دی ہے ۔

اندرابی

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر دخشاں اندرابی نے بھی آج درگاہ حضرت بل میں نماز ادا کی۔اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہا رکرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ عید الاضحی کی تقریب کے سلسلے میں وقف بورڈ کی جانب سے مناسب انتظام کئے گئے تھے۔

دریں اثنا ڈاکٹر اندرابی نے کٹرہ سے سرینگر کیلئے براہ راست ریل شروع کرنے پر وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ بجا لا یا ہے۔

عید مبارک

سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والی کئی شخصیات نے جمونو کشمیر کے لوگوں کو عید کی مبارکباد دی ہے۔

آکاشوانی سرینگر کے ساتھ مبارک باد ریکارڈ کروانے والی چند اہم شخصیات کے عید پیغامات۔

سال11

سرکار کے 11سال مکمل ہو گئے ہیں۔ ان گیار ہ برسوں میں مرکزی سرکار نے مختلف شعبوں کی NDA مرکز میں ترقی اور عام لوگوں کی سہولت کیلئے متعدد اسکیمیں اور فلاحی پروگرام متعارف کئے ہیں، جن کی بدولت عام آدمی کی زندگی کافی آسان ہو گئی ہے۔

کوشل وکاس یوجنابھی ہے۔ اس اسکیم کا مقصد نوجوانوں کو مختلف ہنروں کی PM ان ہی اسکیموں میں سے ایک تربیت دینا ہے تاکہ وہ اپنے لئے روزگار کے مواقعے پیدا کرسکیں ۔ اسکیم کے تحت2015سے اب تک1 کروڑ63 لاکھ نوجوان ہنر مند بنائے جا چکے ہیں۔

اس دوران عالمی بینک کی ایک رپورٹ کے مطابق مرکزی سرکار کے ان گیارہ سالوں میں تقریباً27کروڑ لوگوں کو غربت کے چنگل سے باہر نکالا گیا ہے ۔ رپورٹ کے مطابق بھارت میں سال 2011-12کے دوران سنگین غربت کی شرح 27اعشاریہ 1تھی جو سال 2022-23تک کم ہو کر پانچ اعشاریہ3فیصد پر آگئی ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سرکار نے بھارت کے کسانوں کی فلاح و بہود کا تہیہ کر رکھا ہے۔ سرکار کے گیارہ سال پورے ہونے کے موقعے پر نریندر مودی نے کہاکہ سرکار کیلئے یہ فخر کی بات ہے NDA کہ وہ ملک کے سخت محنت کش کسانوں کی خدمت کر رہی ہے۔

وزیرا عظم نے اس طرف توجہ دلائی کہ گذشتہ 11سال کے دوران کسانوں کی خوشحالی کو تقویت دینے اور زرعی شعبے میں یکسر تبدیلی کو یقینی بنانے کیلئے سرکار نے بہت سے اقدام کئے ہیں۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

فوڈ سیفٹی

آج غذائی سلامتی کا عالمی دن ہے۔ اس سال اس دن کا موضوع ہے" غذائی سلامتی میں سائنس کی عمل آوری "۔ یہ موضوع بیماریاں کم کرنے ، زندگیاں بچانے اور قیمتیں کم کرنے کی سمجھ بوجھ کیلئے خوردنی اشیاءمیں سائنس کو عملانے کی ترغیب دیتاہے ۔

یہ سائنس ہی ہے جس کی بدولت یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ غذائی اجناس کیسے غیر محفوظ بن جاتے ہیں اور غذائی اشیاءسے پھیلنے والی بیماریوں سے کیسے بچا جا سکتا ہے۔

فوڈ سیفٹی کے عالمی دن کی نسبت سے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے، فوڈ سیفٹی انٹلی جنس کم لیگل سیل جموں کشمیر کے اسسٹنٹ کمشنرہلال احمد میر نے کہا۔

یونیورسٹی

ایک اہم پیش رفت کے تحت جموں کشمیر کی دو یونیورسٹیوں (جموں یونیورسٹی اور کشمیر یونیورسٹی) کو کا گریڈ حاصل ہوا ہے ، اور یوں ان یونیورسٹیوں نے ملک کی چوٹی کی A++ کی ریکینگ میںNAAC یونیورسٹیوں کی فہرست میں اپنا مقام بنایا ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس شاندار کامیابی پر دنوں یونیوسٹیوں کی انتظامیہ، عملے اور طالب علموں کو شاباشی دی ہے ۔انہوں نے خاص طور پر دونوں اداروں کے وائس چانسلروں (پروفیسر نیلو فر خان اور پروفیسر اُمیش رائے) کو مبارکباد ی پیش کی ہے۔

لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ یہ درجہ حاصل کرنے کے بعد کشمیر یونیورسٹی اور جموں یونیورسٹی کا علم اور اختراع کے میدانوں میں روشنی کے کرن کی مانند رول مزید مضبوط ہو اہے ۔ انہوں نے کہاکہ یہ موقعہ بہت کم دیکھنے کو ملتا ہے جہاں کسی یوٹی کی دو یونیورسٹیوں نے ایک ساتھ یہ درجہ حاصل کیا ہے۔

کرشی سنکلپ

وِکست کرشی سنکلپ ابھیان کے تحت پورے ملک میں سرگرمیاں جاری ہیں۔ اس پندرہ روزہ مہم کے تحت جمونو کشمیر میں بھی بیداری کے پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں۔

ابھیان کی اہمیت کے بارے میں کرشی وگیان کیندر سرینگر کے سربراہ پروفیسر شمیم سمنانی نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

کانگریس

پردیش کانگریس نے کہا ہے کہ ملک کے وزیر اعظم نے جموں کشمیر کے ریاستی درجے کی بحالی کے اپنے وعدے کو پھر ایک بار فراموش کر دیاہے۔

آج جموں میں ایک پریس کانفرنس کے دوران پارٹی کے سینئر لیڈان رمن بھلہ ،مولا رام ،رویندر شرما اور یوگیش سہانی نے کہا کہ کل ریل پروجیکٹ کے افتتاح کے موقعے پر اپنے خطاب میں وزیر اعظم نے ریاستی درجے کا کوئی ذکر نہیں کیاجو کہ یہاں کے عوام کا سب سے بڑا مطالبہ ہے۔
اس دوران جنتا دل یونائٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے سرکار پر الزام لگایاہے کہ وہ جموں کشمیر کے نوجوانوں کی بیروزگار ی اور ضروری شعبوں میں رقومات کی واگذاری میں بے حسی کا مظاہرہ کر رہی ہے۔

وفد

آپریشن سندور کے بعد پاکستانی انتہا پسندی کو دنیا کے سامنے بے نقاب کرنے کیلئے بھارت کے کل جماعتی وفود کی سفارتی مہم جاری ہے۔

BJP کے ممبر پارلیمنٹ روی شنکر پرساد کی قیادت میں ایک کل جماعت وفد نے جرمنی میں وہاں کے وزیر خارجہ سے ملاقات کی۔ جرمنی کے وزیر خارجہ نے پہلگام حملے کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہاکہ دہشت پسندی کےخلاف جرمنی بھارت کے ساتھ ہے۔

وفد کے ارکان نے جرمنی کے اعلیٰ عہدیداروں سے بھی ملاقات کرکے دہشت گردی کے خلاف بھارت کا موقف رکھا ۔

جتندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ بین الاقوامی اوشن کانفرنس میں شرکت کرنے کی غرض سے فرانس روانہ ہو گئے ہیں۔ وہ بھارتی وفد کی قیادت کر رہے ہیں۔

اقوام متحدہ کی اوشن کانفرنس 8جون سے 13جون تک منعقد ہوگی ، جو بڑے سمندروں کے نظام اور ان کیلئے ضروری ٹھوس عملی منصوبوں کیلئے دنیا بھر کے سائنس دانوں ، پالیسی سازوں اور سول سوسائٹی کے کارکنوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرے گی ۔

نشہ مکت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے درکار اقدامات کے ضمن میں ایک معروف فری لانسر جی این گونی نے کہا ۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 16اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39اعشاریہ 8ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26اعشاریہ1ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر19 منٹ پر اور غروب آفتاب شام7بجکر41منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔

.....

.....

.....

..